سوال

میرا سوال یہ ہے کہ عموماً رات کے وقت جب لباس تبدیل کیا جاتا ہے تو سونے کے لیے تہمد باندھتا ہوں یا نیکر میں عموماً رات سوتے وقت تہ بند باندھ لیتا ہوں یا نیکر پہن لیتا ہوں۔ میری عادت ہے کہ میں دن بھر کلمہ طیبہ یا درود شریف پڑھتا رہتا ہوں۔ جب رات کو بستر پر لیٹتا ہوں، تو بعض اوقات تہ بند یا نیکر گھٹنوں سے اوپر ہو جاتی ہے۔ کیا اس حالت میں کلمہ طیبہ اور درود شریف پڑھا یا کوئی ذکر کیا جا سکتا ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوال میں مذکور صورت حال میں ذکر کرنا یا درود پڑھنا جائز ہے، کیونکہ ذکر کے لیے ستر (شرمگاہ) کا ڈھانپنا شرط نہیں ہے، لیکن افضل اور بہتر یہی ہے کہ انسان جب اللہ تعالی کا ذکر کرے اس کا ستر ڈھانپا ہوا ہو۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ